ادبیات

نغمۂ توحید

از جناب ماہر القادری صاحب

دعائے شام وسحر لا الہ الا اللہ
یہی ہے زادِ سفر لا الہ الا اللہ

سکونِ قلب وجگر لا الہ الا اللہ
کمالِ فکر ونظر لا الہ الا اللہ

نہ کہکشاں نہ قمر لا الہ الا اللہ
نہ کچھ اِدہر نہ اُدھر لا الہ الا اللہ

تمام ملتیں باطل ہیں صرف اک اسلام
یہی ہے راہگذر لا الہ الا اللہ

اسی میں دولتِ دنیا ہی ہے دولتِ دیں
متاعِ اہلِ خبر لا الہ الا اللہ

ملا رہا ہوں نگاہیں میں کجکلاہوں سے
نہ خوف ہے نہ خطر لا الہ الا اللہ

بتوں کو توڑ تخیل کے ہوں کہ پتھر کے
ذرا بھی دیر نہ کر لا الہ الا اللہ

دیارِ حبیب

از جناب سید وزیر حسن صاحب عابدی، ایم، اے

میں جہاں رہ نورد ہوں اے دوست
نہ زمیں ہے نہ آسماں ہے وہاں

قطعِ منزل نمودِ منزل ہے
کارواں پیشِ کارواں ہے وہاں

اک جہاں ہے جہانِ لامحدود
اک فضا ہے کہ بیکراں ہے وہاں

خیرہ کن ہیں فضا کے نظارے
خیرگی دل کی رازداں ہے وہاں

محوِ حیرت نگاہ لب خاموش
خامشی حکمِ جاوداں ہے وہاں

ہاں مگر میرِ کارواں کی صدا — یہ صدا جانِ کارواں ہے وہاں
یہ صدا اس افق سے آتی ہے — جو باقصائے این وآں ہے وہاں
یہ صدا ہے حیات کی تفسیر — یہ صدا شرحِ دوجہاں ہے وہاں
اک صدا ہے صدائے گوش بگوش — محفلِ ہوش یک زباں ہے وہاں
دفترِ کائناتِ گوناگوں — ایک مربوط داستاں ہے وہاں
ہر نفس شرحِ زندگانی ہے — زندگی ہر نفس جواں ہے وہاں
زندگی اپنے حسنِ جلوت میں — رونقِ بزمِ دوستاں ہے وہاں

بزم میں کہکشاں کی کیفیت — حسن والفت کی زندگی یعنی
ہر ستارے میں کیفِ حسنِ سحر — دلکشی اور سادگی یعنی
سب ستارے قدم قدم آزاد — حسنِ تنظیمِ زندگی یعنی
سب ستارے روش روش مجبور — پاسِ آدابِ رہروی یعنی
سب نمودِ کمال کے پابند — بندگی اور سروری یعنی
ان کی رفتار میں دوامِ خرام — شوق کی سعیِ دائمی یعنی
ہر قدم مست، ہر قدم ہشیار — جذبِ ہمدوشِ آگہی یعنی
ان کی رفتار میں کمالِ روش — سارے عالم کی رہبری یعنی
میرِ مجلس امینِ رازِ وجود — بندہ اور شانِ ایزدی یعنی
مالکِ شش جہات حاکمِ کل — سر پہ تاجِ شہنشہی یعنی
مسند آرائے شانِ درویشی — فقر و فاقہ کی زندگی یعنی
نگہِ قاہری جلال آثار — برقِ جانِ ستمگری یعنی
چشمِ مخمور رحمت آمادہ — سلسبیلی وکوثری یعنی